www.badaltazamana.com.pk

لاہور، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، گوادر، سکھر، مظفر آباد، گلگت بلتستان سے عنقریب اشاعت کا آغاز

ABC CERTIFIED

E.Mail:badaltazamanadaily@gmail.com

زمانے کی قسم (جس کی گردش انسانی حالات پر گواہ ہے) ٥ القرآن

DAILY BADALTA ZAMANA MULTAN

چیف ایڈیٹر امتیاز احمد گھمن

روزنامہ بدلتا زمانہ ملتان

ایڈیٹر محمد اکمل وینس

منیجنگ ایڈیٹر میاں عبدالروف قریشی

منگل 19 شعبان المعظم 1445ھ 18 فروری 2025ء



ملتان: ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب ڈاکٹر زاہد ملک آگاہی سیمینار میں طلباء و طالبات سے خطاب کر رہے ہیں

# وفاقی محتسب عوامی شکایات کے ازالہ کیلئے کوشاں: ڈاکٹر زاہد ملک

## شہریوں کو بغیر وکیل شکایت درج کرواتے ہی مسائل قلیل مدت میں حل کئے جا رہے ہیں

## ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب ملتان کا ایمرسن یونیورسٹی میں طلبا کے آگہی سیمینار سے خطاب

ملتان (خصوصی نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب کا ادارہ عوامی شکایات کے فوری ازالہ کے لیے کوشاں ہے، جہاں شہریوں کو بغیر وکیل شکایت درج کرواتے ہی ان کے مسائل قلیل مدت میں حل کئے جا رہے ہیں۔ یہ بات ڈاکٹر محمد زاہد ملک ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب ملتان نے ایمرسن یونیورسٹی میں طلبا کے آگہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سیمینار میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر وفاقی محتسب حسن غلام محمد، یونیورسٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر قرۃ العین اور طلبا و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب نے کہا کہ شہری کسی بھی وفاقی محکمے کے خلاف صرف ایک سادہ کاغذ پر، یا 1055 پر میسج کے ذریعے یا واٹس ایپ، انسٹا گرام یا ای میل کے ذریعے اپنی شکایت بھیج سکتے ہیں سائل کی درخواست کی سماعت کے حوالے سے انہیں ان کے موبائل نمبر پر ایس ایم ایس کے ذریعے متعلق درخواست کی سماعت کے متعلق آگاہ کر دیا جاتا ہے اور 60 دن کے اندر سائل کے مسئلہ کو حل کیا جاتا ہے۔ وفاقی محتسب ملتان نے سیمینار کے شرکاء کو ادارہ وفاقی محتسب کے اغراض و غایت، مقاصد، افادیت اور کارکردگی کے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ کے ویژن اور ہدایات پر عوام کو انصاف کی فراہمی کے لئے وفاقی محتسب کے ملک بھر میں 17 علاقائی دفاتر کے ذریعے عوام کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے اور لوگوں کو انکی دہلیز پر وفاقی اداروں سے متعلقہ شکایات پر انصاف مہیا کر رہے ہیں اس موقع پر انہوں نے طلباء و طالبات مختلف سوالات کے تفصیل سے آگاہ بھی کیا۔

ABC Certified
آزاد کشمیر بھر اور راولپنڈی اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت واحد ریاستی اخبار
AKNS Member
Www.dailykhabarnamaint.com
Daily Khabarnama Muzaffarabad
ڈیلی خبرنامہ مظفرآباد
چیف ایڈیٹر ظہیر جگوال
ایڈیٹر عبدالواجد خان
dailykhabarnamaint@gmail.com
جلد نمبر 15 بدھ 19 فروری 2025، 20 شعبان المعظم 1446ھ، 7 پھاگن 2081ب قیمت 20 روپے شمارہ نمبر 317

# وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے BISP مستحقین کی شکایات کا ازالہ کر دیا

## وفاقی محتسب / کمشنر (آئی آر ڈی) نے تمام کیسز کو سنتے ہوئے متعدد شکایات کے ازالہ کیلئے BISP کے آفیسر کو احکام صادر کیے

## آزاد کشمیر کے عوام وفاقی اداروں کیخلاف بغیر وکیل وفیس کے اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں، منصور قادر ڈار

مظفرآباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ مظفرآباد میں آج مورخہ 18 فروری 2025 کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف کی گئی شکایات کے ازالہ کیلئے ریجنل ہیڈ آزاد کشمیر منصور قادر ڈار نے شکایات کنندان کی شکایات کو سُنا۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد بلال بھی اس موجود تھے

(بقیہ 5 4 صفحہ 3پر)



مظفرآباد:۔ وفاقی محتسب/کمشنر (آئی آر ڈی) آزاد کشمیر منصور قادر ڈار بی آئی ایس کے متعلق عوامی شکایات سن رہے ہیں

www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر: عبدُ الباقی کاکڑ

جلد: 14 | بدھ 20 شعبان المعظم 1446ھ 19 فروری 2025ء 7 پھاگن 2081 ب صفحات: 10 قیمت 30 روپے | شمارہ: 336

# اے پی پی کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا مطالعاتی دورہ

## وفاقی محتسب کا ادارہ میڈیا کو ایک اہم سٹیک ہولڈر سمجھتا ہے، سیکرٹری سید آصف شاہ

### ادارہ ہر سال ملک کے لاکھوں شکایت کنندگان کو مکمل ریلیف فراہم کر رہا ہے، بریفنگ



لاہور (اپنے رپورٹر سے) ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن کے ایک وفد نے گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا مطالعاتی دورہ کیا۔ یہ دورہ وفاقی محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی پیدا کرنے کی کوششوں کا حصہ تھا۔ اے پی پی کے دورے پر آئے ہوئے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیکرٹری وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، سید آصف شاہ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ میڈیا کو ایک اہم سٹیک ہولڈر سمجھتا ہے جو وفاقی محتسب کا پیغام عام لوگوں تک موثر طریقے سے پہنچا سکتا ہے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر انوسٹی گیشن، ایڈوائزر عملدرآمد اور ایڈوائزر میڈیا بھی موجود تھے جبکہ اے پی پی سی کے وفد میں رب نواز باجوہ، ڈائریکٹر، وی این ایس اور عبدالقدوس، چیف ایڈیٹر، وی این ایس شامل تھے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سینئر افسران نے بریفنگ کے دوران وفد کو بتایا کہ یہ ادارہ ہر سال ملک کے لاکھوں شکایت کنندگان کو ریلیف فراہم کر رہا ہے۔ سال 2024ء میں وفاقی محتسب کو ریکارڈ تعداد میں عوامی شکایات موصول ہوئیں، جن کی تعداد 226,373 تھی، جبکہ 223,198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو کہ سال 2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد اضافہ زیادہ ہیں۔ وفد کو بتایا گیا کہ باہمی تنازعات کو نمٹانے کے غیر رسمی پروگرام (آئی آر ڈی)، آؤٹ ریچ کمپلینٹ ریزولوشن (OCR)، کھلی کچہریوں کے انعقاد اور ٹیکنالوجی کے زیادہ استعمال جیسے اقدامات سے ادارے کی رسائی اور پہنچ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سال 2024ء کے دوران ادارے کی ایک اور اہم کامیابی اس کے فیصلوں پر موثر عملدرآمد ہے جو کہ 2023ء کے دوران 85.70 فیصد سے بڑھ کر 93.21 فیصد ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ ملک کے 24 بڑے شہروں میں خدمات فراہم کر رہا ہے اور ہیڈ کوارٹر اسلام آباد سمیت تقریباً پورے ملک کا احاطہ کیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب کے بین الاقوامی کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ وفاقی محتسب انٹرنیشنل اومبڈسمین انسٹیٹیوشن (IOI) کا فعال رکن ہے، جب کہ ایشیاء میں محتسبین کی 47 رکنی تنظیم ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کی صدارت کیلئے پاکستان کے محتسب کا بلامقابلہ انتخاب پاکستان کیلئے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ بریفنگ کے بعد سوال/جواب کا سیشن ہوا۔ وفد کے ارکان نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اور اس کے علاقائی دفاتر کے کام اور آپریشنز میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور وفاقی محتسب کے کردار کو سراہتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کی طرف سے بدانتظامی سے نمٹنے سے ملک میں اچھی حکمرانی اور قانون کی بالادستی قائم کرنے میں مدد ملے گی۔



اے پی پی کا وفد وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا معلوماتی دورہ کر رہا ہے

# 2024ء میں شکایات کے ازالے میں ریکارڈ اضافہ ہوا: وفاقی محتسب

اسلام آباد (نئی بات نیوز) ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (اے پی پی سی) کے ایک وفد نے گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا مطالعاتی دورہ کیا۔ یہ دورہ وفاقی محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی پیدا کرنے کی کوششوں کا حصہ تھا۔ اے پی پی کے دورے پر آئے ہوئے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیکرٹری وفاقی محتسب سیکرٹریٹ سید آصف شاہ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ میڈیا کو ایک اہم اسٹیک ہولڈر سمجھتا ہے جو وفاقی محتسب کا پیغام عام لوگوں تک موثر طریقے سے پہنچا سکتا ہے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر انویسٹی گیشن، ایڈوائزر عملدرآمد اور ایڈوائزر میڈیا بھی موجود تھے جب کہ اے پی پی سی کے وفد میں رب نواز باجوہ ڈائریکٹر دی این ایس اور عبدالقدوس چیف ایڈیٹر دی این ایس شامل تھے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سینئر افسران نے بریفنگ کے دوران وفد کو بتایا کہ یہ ادارہ ہر سال ملک کے لاکھوں شکایت کنندگان کو ریلیف فراہم کر رہا ہے۔ سال 2024ء میں وفاقی محتسب کو ریکارڈ تعداد میں عوامی شکایات موصول ہوئیں۔